ہم نے اپنی آنکھوں سے آیت اللہ خامنہ ایؒ کی صورت میں اولیائے خدا کو دیکھا

قونصل جنرل ایران حیدرآباد سے اظہار تعزیت

حیدرآباد۔/6مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی ظالم حکومتیں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے کئے گئے حملے میں مبینہ مظلومانہ شہادت پر آج قونصلیٹ جنرل ایران بنجارا ہلز حیدرآباد پہنچ کر یہاں رکھی گئی تعزیتی کتاب میں دستخط کرتے ہوئے مختلف دینی وسماجی شخصیات نے تعزیت درج کروائی۔اس موقع پر مولانا سید تقی رضا عابدی، جناب عامر علی خاں نیوز ایڈیٹر سیاست وسابق ایم ایل سی، جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی، ڈاکٹر شوکت علی مرزا، مرزا تقی موسوی سکریٹری تنظیم جعفری، جناب امجد علی خان شہباز اور دیگر معزز شخصیات نے قونصل جنرل ایران مقیم حیدرآباد جناب حمید احمد یہ سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں تعزیت پیش کی۔وفد نے اپنے تاثرات تعزیتی کتاب میں درج کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اپنی آنکھوں سے آیت اللہ خامنہ ای کی صورت میں اولیائے خدا کو دیکھا۔شرکا نے شہید آیت اللہ خامنہ ایؒ کی دینی وسیاسی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ ان کی قیادت اور جدوجہد کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی شہادت انصاف اور خودمختاری پر حملہ

مجلس بچاؤ تحریک (MBT) کی جانب سے امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت

حیدرآباد۔6مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مجلس بچاؤ تحریک (MBT) نے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی حسینی خامنہ ای ؒ شہادت پر امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انصاف، انسانی اقدار اور خودمختاری پر ایک سنگین حملہ قرار دیا ہے۔تنظیم کی جانب سے جناب امجد اللہ خاں خالد ترجمان (MBT) نے جاری بیان میں کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے کیے گئے بڑے فوجی حملے میں آیت اللہ خامنہ ایؒ کی شہادت مسلم دنیا کے لیے ایک صدمہ اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔بیان میں کہا گیا کہ ایران کے خلاف ایک مرتبہ پھر جھوٹے بیانیے کے ذریعے جارحیت کو جواز فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔تاریخ گواہ ہے کہ طاقتور سامراجی قوتیں خودمختار ممالک کے معاملات میں مداخلت کے لیے ہمیشہ بہانے تراشتی رہی ہیں اور جو رہنما انصاف اور حق کی بات کرتے ہیں انہیں دہشت گرد قرار دیا جاتا ہے جبکہ معصوم مسلمانوں پر ہونے والے اصل مظالم کو نظرانداز کیا جاتا ہے۔مجلس بچاتحریک نے کہا کہ غزہ میں ایک لاکھ سے زائد بے گناہ مسلمانوں کے قتل کے باوجود مجرموں کو دہشت گرد قرار نہیں دیا گیا بلکہ حق اور انصاف کی آواز بلند کرنے والوں کو ناٹو، امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے خطرہ بتایا جاتا ہے یہ رویہ عالمی سیاست میں موجود دوہرے معیار اور منافقت کو ظاہر کرتا ہے۔بیان میں مزید کہا گیا کہ تاریخ خود کو دہرارہی ہے صدام حسین اور معمر قذافی جیسے رہنماؤں کو بھی جھوٹے الزامات کی بنیاد پر ختم کیا گیا جس کے بعد ناٹو اور اسرائیلی مداخلت نے کئی مسلم ممالک کو بدامنی، تباہی اور دہشت گردی کی لپیٹ میں دھکیل دیا۔اسی طرز کی حکمت عملی آج دوبارہ استعمال کی جارہی ہے تاکہ خودمختار ممالک کو کمزور اور بے عزت کیا جاسکے۔ایم بی ٹی کے مطابق گزشتہ تین دہائیوں سے جہاد، اسلاموفوبیا اور نام نہاد نیو ورلڈ آرڈر کے نام پر امریکہ، ناٹو اور ان کے اتحادی مسلم ممالک میں جنگیں اور مداخلتیں کرتے رہے ہیں جس کے نتیجے میں لاکھوں مسلمان جان سے گئے خاندان اجڑ گئے اور پورے خطے عدم استحکام کا شکار ہو گئے۔بیان میں عالمی برادری سے اپیل کی گئی کہ وہ اس کھلی جارحیت کے خلاف آواز بلند کرے اور انصاف، انسانیت اور بین الاقوامی قوانین کے تحفظ کے لیے متحد ہو۔تنظیم نے کہا کہ ظلم کے خلاف مزاحمت کو دہشت گردی قرار دینے کے بیانیے کو مسترد کیا جاتا ہے اور اقوام کی خودمختاری کے احترام پر زور دیا جاتا ہے۔مجلس بچاؤ تحریک نے کہا کہ آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کو شہید کرنا صرف ایک رہنما پر حملہ نہیں بلکہ پوری مسلم دنیا کے وقار اور حقوق پر حملہ ہے۔تنظیم نے دنیا کے انصاف پسند لوگوں سے اپیل کی کہ وہ دوہرے معیار کے خلاف کھڑے ہوں، سامراجی ایجنڈوں کو مسترد کریں اور مظلوموں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں۔بیان کے آخر میں ایم بی ٹی نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم انصاف، امن اور ظلم کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی اور ہر اس آواز کے ساتھ کھڑی رہے گی جو دنیا میں منصفانہ اور پرامن نظام کے قیام کے لیے بلند ہورہی ہے۔

لال قلعہ دھماکہ معاملے: دوملزمین کی این آئی اے حراست میں توسیع

نئی دہلی، 6 مارچ (ہ س)۔ پٹیالہ ہاؤس کورٹ کے پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پیتامبر دت نے لال قلعہ دھماکہ کیس میں گرفتار دوملزمین کی قومی جانچ ایجنسی (این آئی اے) کی حراست میں مزید پانچ دن کی توسیع کردی ہے۔عدالت نے طفیل احمد بھٹ اور ضمیر احمد آہنگر کو این آئی اے کی تحویل میں بھیجنے کا حکم دیا۔جمعہ کو ان دونوں ملزمین کی این آئی اے کی حراست ختم ہورہی تھی، جس کے بعد انہیں عدالت میں پیش کیا گیا۔25 فروری کو عدالت نے انہیں آج تک این آئی اے کی حراست میں بھیجا تھا۔25 فروری کو جموں وکشمیر پولیس انہیں پروڈکشن وارنٹ پر دہلی لائی تھی۔این آئی اے کے مطابق، ضمیر احمد کو عمر النبی، مفتی عرفان اور ڈاکٹر عدیل احمد راتھر نے رائفل، پستول اور زندہ گولہ بارود فراہم کئے تھے۔دونوں ملزمان کا تعلق دہشت گرد گروپ انصار غزوۃ الہند سے ہے۔این آئی اے کے مطابق، 10 نومبر 2025 کو لال قلعہ کے باہر ہوئے کار بم دھماکے کا منصوبہ عمر النبی نے بنایا تھا۔عمر النبی کی موقع پر ہی موت ہوگئی تھی۔دھماکے میں 15 افراد ہلاک اور دو درجن کے قریب زخمی ہوئے تھے۔پٹیالہ ہاؤس کورٹ نے این آئی اے کو کیس کی تحقیقات کے لیے مزید 45 دن کی مہلت دی، جب کہ این آئی اے نے 90 دن کی توسیع مانگی۔این آئی اے نے ملزم دانش کو سری نگر سے گرفتار کیا تھا۔دانش نے ڈرون میں تکنیکی تبدیلیاں کیں اور کار بم دھماکے سے پہلے راکٹ کو اسمبل کرنے کی کوشش کی۔دانش نے عمر النبی کے ساتھ مل کر پوری سازش کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔پولیٹیکل سائنس کے گریجویٹ دانش کو عمر نے خودکش بمبار بننے کے لیے برین واش کیا۔

مغربی بنگال کے لوگ ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہے ہیں: فرقان

جامتاڑا، 06 مارچ (ہ س)۔کانگریس کے سابق رکن پارلیمنٹ فرقان انصاری نے مغربی بنگال کے موجودہ حالات اور سیاسی ماحول پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مغربی بنگال کے لوگ جمہوری اقدار اور ترقی کی سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔جمعہ کو جاری ایک پریس ریلیز میں انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی کو تیز کرنے کے لیے خصوصی اسکیموں اور مالی امداد پر بھی غور کیا جانا چاہیے۔مستقبل میں عوام ترقی اور عوامی فلاح وبہبود کے مسائل کو ترجیح دیں گے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار بھی کیا کہ جمہوری عمل کے اندر مختلف جماعتوں کے درمیان صحت مند سیاسی مقابلہ جاری رہے گا۔

نوئیڈا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو ایروڈرم کا لائسنس ملا، جلد ہی ہوگا افتتاح

نوئیڈا، 6 مارچ (ہ س)۔نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے (جیور) سے پروازوں کو شروع کرنے کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔جمعہ کو جیور ہوائی اڈے کو ایروڈرم لائسنس حاصل ہوگیا ہے۔ہوائی اڈے کو گزشتہ روز بیورو آف سول ایوی ایشن سکیورٹی سے سکیورٹی ویٹنگ کلیئرنس بھی ملا تھا۔نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے نوڈل افسر شیلیندر بھاٹیا نے بتایا کہ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کو جمعہ کو ایروڈرم لائسنس حاصل ہوگیا ہے۔اس لائسنس کے ملنے کے بعد، اب نوئیڈا ہوائی اڈہ پروازوں کے لیے تیار ہے۔پروازیں اب یہاں سے ٹیک آف اور لینڈ کی جاسکیں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ایئرپورٹ کا جلد افتتاح ہوگا۔ان کے مطابق اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ذریعہ وزیر اعظم نریندر مودی سے ہوائی اڈے کا افتتاح کرنے کی درخواست کرکے اس کے افتتاح کی تاریخ طے کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایئر انڈیا، آکاشا اور انڈیگو نے یہاں سے اپنی پروازیں چلانے کے لیے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایروڈرم کا لائسنس حاصل کرنے کے بعد یہ ایئر لائنز کمپنیاں یہاں پر اپنے عملے کی بھرتی اور دیگر تکنیکی سہولیات کی تنصیب شروع کردیں گی۔انہوں نے بتایا کہ ایئرپورٹ کی سیکورٹی کے لئے پہلے سے ہی سی آئی ایس ایف اور اتر پردیش پولیس تعینات ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہوائی اڈے کو بہتر رابطہ فراہم کرنے کے لیے مختلف راستے اور ذرائع تیار کیے جارہے ہیں۔

شیو پرتاپ شکلا تلنگانہ کے نئے گورنر مقرر



حیدرآباد۔6/مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ہماچل پردیش کے گورنر شیو پرتاپ شکلا کو تلنگانہ کا نیا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔صدر بھون کی جانب سے جمعرات دیررات جاری ایک اعلامیے میں یہ معلومات دی گئی۔شیو پرتاپ شکلا نے 18 فروری 2023 کو ہماچل پردیش کے گورنر کے طور پر عہدہ سنبھالا تھا اور اب وہ تلنگانہ کے گورنر کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔اتر پردیش کے ضلع گورکھپور کے رودرپور گاں میں یکم اپریل 1952 کو پیدا ہونے والے مسٹر شکلا کا سیاسی سفر کافی طویل رہا ہے۔انہوں نے اپنی اسکولی تعلیم رودرپور سے اور کالج کی تعلیم گورکھپور سے مکمل کی، جہاں انہوں نے قانون میں گریجویشن کیا۔اتر پردیش میں اپنے سیاسی کیریئر کے دوران انہوں نے کلیان سنگھ، رام پرکاش گپتا اور راج ناتھ سنگھ کی حکومتوں میں وزیر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔وہ 10 جون 2016 کو اتر پردیش سے راجیہ سبھا کے لیے منتخب ہوئے اور 3 ستمبر 2017 سے نریندر مودی حکومت میں مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ کے طور پر خدمات انجام دیں۔وہ جولائی 2022 تک راجیہ سبھا کے رکن رہے۔صدر کی جانب سے اعلان کیے گئے اس ردوبدل میں کئی دیگر تقرریاں بھی کی گئی ہیں۔

تلنگانہ ریاست کے لیے ایک اور نئی امرت بھارت ایکسپریس ٹرین شروع کی جا رہی ہے۔ یہ ٹرین ناگرکوئل سے چرلاپلی کے درمیان چلائی جائے گی، جو تمل ناڈو، آندھرا پردیش اور تلنگانہ کو آپس میں جوڑے گی۔اس نئی ٹرین میں سلیپر اور جنرل سیکنڈ کلاس کوچز شامل ہوں گے، جس سے طویل فاصلے کا سفر کرنے والے مسافروں کو زیادہ سہولت اور آرام دہ سفر میسر آئے گا۔یہ ٹرین جلد ہی باضابطہ طور پر فلیگ آف کی جائے گی۔اس سلسلے میں مزید تفصیلات مناسب وقت پر جاری کی جائیں گی۔

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی ظالم حکومتیں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر کئے گئے حملے میں مظلومانہ شہادت پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف آج بعد نماز جمعہ مولانا محمد عابدی صاحب کی سرپرستی میں مسجد عسکری مرتضی نگر تاپری محل یاقوت پورہ احتجاجی ریالی نکالی گئی جس میں علما اکرام مولانا میر مرتضیٰ نقوی صاحب، جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی دیگر معزز شخصیات کے علاوہ کثیر تعداد میں مرد وخواتین حضرات نے حصہ لیتے ہوئے ظالم حکومتیں امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت کی دوران جلوس نعرہ تکبیر، لبیک یاحسینؑ، شیعہ سنی بھائی بھائی اور امریکہ اور اسرائیل مردہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے اور مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں شہید سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کے تصاویر اٹھا کر اپنا احتجاج درج کیا۔

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی ظالم حکومتیں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر کئے گئے حملے میں مبینہ مظلومانہ شہادت پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت کیخلاف آج جوائنٹ ایکشن کمیٹی تلنگانہ واے پی کی جانب سے جناب محمد مشتاق ملک صدر تحریک مسلم شبان وکنوینر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی سرپرستی میں تاریخی مکہ مسجد کے احتجاجی ریالی نکالی گئی اس احتجاجی ریالی میں علما اکرام مولانا سید تقی رضا عابدی، جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی، جناب راشد خاں کانگریس سینئر لیڈر، جناب سید عابد حسین نقوی (منان) سی پی آئی لیڈر کے علاوہ دیگر معزز شخصیات نے حصہ لیتے ہوئے ظالم حکومتیں امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت کی۔

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی ظالم حکومتیں امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر کئے گئے حملے میں مظلومانہ شہادت پر امریکی اور اسرائیلی جارحیت کیخلاف آج بعد نماز جمعہ مولانا مدثر صاحب کی سرپرستی میں مسجد عباس لنگر حوض پر احتجاجی ریالی نکالی گئی جس میں علما اکرام، معزز شخصیات کے علاوہ کثیر تعداد میں عوام نے حصہ لیتے ہوئے ظالم حکومتیں امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت کی دوران جلوس امریکہ اور اسرائیل مردہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔

قومی کمیشن برائے خواتین 500 اضلاع میں 'جن سنوائی' کا انعقاد کرے گا

نئی دہلی، 6 مارچ (ہ س)۔خواتین کے عالمی دن کے موقع پر، قومی کمیشن برائے خواتین (این سی ڈبلیو) ملک بھر میں خواتین کے لیے جن سنوائی کے ملک گیر پروگرام کی شروعات کرنے جارہا ہے۔اس مہم کے تحت، کمیشن کی جانب سے 500 اضلاع میں مہیلا جن سنوائی پروگرام کا اہتمام ہوگا، جو ہفتے بھر چلے گا۔یہ اقدام کمیشن کے اہم عوامی رابطے کے پروگرام، 'قومی کمیشن برائے خواتین آپ کی دہلیز پر' کی توسیع ہے۔قومی کمیشن برائے خواتین میں جمعہ کو منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں چیئرپرسن وجیا رہاٹکر نے کہا کہ ان عوامی سماعتوں کے ذریعے ہم خواتین کی بات براہ راست سننا چاہتے ہیں، ان کی شکایات کو دور کرنا اور نظام پر اعتماد کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔یہ تاریخی آؤٹ ریچ مہم ملک بھر کے تقریباً 500 اضلاع میں 25 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کا احاطہ کرے گی، جو اسے ہندوستان میں خواتین کے لیے سب سے بڑی مربوط عوامی شکایات کے ازالے کی مہموں میں سے ایک بنائے گی۔انہوں نے کہا کہ اس پہل کی ایک اہم خصوصیت اتر پردیش کی وسیع پیمانے پر شرکت ہے، جہاں 75 اضلاع میں خواتین کی عوامی سماعتیں منعقد کی جائیں گی، جس سے نچلی سطح پر خواتین تک وسیع پیمانے پر رسائی کو یقینی بنایا جائیگا۔

سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی شہادت پر

صحافیوں کی جانب سے حیدرآباد میں احتجاجی ریالی

حیدرآباد۔/6مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) کونسل فار پروموشن آف اردو جرنلزم اینڈ میڈیا کے زیر اہتمام جناب صدق قریشی کی نگرانی میں آج حیدرآباد میں مزار ابن خاتون تاپرانی حویلی چوراستہ ایک احتجاجی ریالی نکالی گئی جس میں سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی شہادت پر امریکہ واسرائیل کی سخت الفاظ میں مذمت کی اسکے علاوہ فلسطین سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے شہریوں کے قتل عام پر امریکہ واسرائیل کی مذمت کی۔اس احتجاجی ریلی میں بڑی تعداد میں صحافیوں اور حامیوں بشمول جناب سید حامد حسین جعفری، جناب حافظ صاحب نے شرکت کی اور انصاف اور امن کے حق میں آواز بلند کی۔مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطین میں معصوم شہریوں کے قتل عام کو فوری طور پر روکنے کے مطالبات درج تھے۔مظاہرین نے امریکہ اور اسرائیل کے اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے خصوصا امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔مظاہرین نے احتجاج کے دوران ڈونالڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیر آعظم نیتن یاہو کے علامتی پتلے بھی نذرِ آتش کیے۔مقررین اور شرکا نے کہا کہ یہ ریلی انسانیت کے حق میں اور جاری تنازعہ کے باعث متاثر ہونے والے معصوم لوگوں کی تکالیف کو اجاگر کرنے کیلئے منعقد کی گئی ہے۔انہوں نے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ایؒ کی شہادت پر سخت مذمت کرتے ہوئے اسے غیر آئینی اور ناانصافی پر مبنی اقدام قرار دیا جو خطے میں مزید عدم استحکام کا سبب بن سکتا ہے۔مظاہرین نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری مداخلت کرتے ہوئے تشدد کو روکے اور خطے میں انصاف اور پائیدار امن کے قیام کے لیے عملی اقدامات کرے۔

پراجا پالنا پراگتی پرنالیکا 99 روزہ ایکشن پلان

متعدد عوامی فلاحی اقدامات کا آغاز۔خواتین سیلف ہیلپ گروپس کو 35 کروڑ روپے کے بلاسود قرضے

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے چاچا نہرو پارک میں خصوصی تقریب میں افتتاحی خطاب کیا

حیدرآباد۔ 6/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) ریاستی حکومت کے عوامی فلاحی پروگرام پراجا پالنا پراگتی پرنالیکا 99 روزہ ایکشن پلان کے تحت آج ضلع حیدرآباد میں مختلف ترقیاتی اور سماجی بہبود کے اقدامات کا آغاز کیا گیا۔اس سلسلہ میں حیدرآباد کے انچارج وزیر جناب پونم پربھاکر نے مساب ٹینک کے تاریخی چاچا نہرو پارک میں منعقدہ تقریب کے دوران متعدد اہم منصوبوں کا افتتاح انجام دیا۔تقریب کے دوران وزیر موصوف نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کے زیر انتظام قائم کئے گئے ای۔ویسٹ کلیکشن سنٹر کا افتتاح کیا۔اس سنٹر کے قیام کا مقصد شہریوں کو اپنے گھروں میں موجود خراب یا غیر استعمال شدہ الیکٹرانک اشیا جیسے ٹی وی، کمپیوٹر، موبائل فون، فریج اور دیگر آلات کو محفوظ طریقہ سے جمع کرانے کی سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ انہیں ماحول دوست انداز میں ری سائیکل کیا جاسکے اور ماحولیاتی آلودگی کو کم کیا جاسکے۔اسی موقع پر حیدرآباد کی پہلی مرر لائبریری کا بھی افتتاح عمل میں آیا۔ یہ لائبریری تقریبا 1500 مربع گز کے رقبہ پر قائم کی گئی ہے جہاں عوام اور طلبہ کو مطالعہ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔لائبریری میں کتابوں کے عطیات وصول کرنے کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ علم ومطالعہ کے فروغ کیلئے عوامی تعاون حاصل کیا جاسکے۔وزیر موصوف نے اس موقع پر اندرا مہیلا شکتی کینٹین کا بھی افتتاح کیا جو خواتین سیلف ہیلپ گروپس کے زیر انتظام چلائی جائے گی۔اس کینٹین کے قیام کا مقصد ایک طرف عوام کو مناسب قیمت پر معیاری غذا فراہم کرنا ہے تو دوسری جانب خواتین کو معاشی طور پر خودکفیل بنانے کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرنا بھی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پونم پربھاکر نے کہا کہ وزیر اعلی ریونت ریڈی کی قیادت میں حکومت ریاست بھر میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے مختلف پروگراموں کو موثر انداز میں نافذ کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پراجا پالنا پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں میں عوامی مسائل کے حل، خواتین کی معاشی خود مختاری اور ماحول کے تحفظ کو ترجیح دی جارہی ہے۔اس موقع پر وزیر موصوف نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو معاشی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مجموعی طور پر 35 کروڑ روپے کے بلاسود قرضوں کے چیکس بھی تقسیم کئے۔انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مختلف اسکیمات کے ذریعے مالی تعاون فراہم کررہی ہے تاکہ وہ خودروزگار کے مواقع پیدا کرتے ہوئے سماج کی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکیں۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ گھروں میں موجود غیر استعمال شدہ الیکٹرانک اشیا کو ضائع کرنے کے بجائے ای۔ویسٹ کلیکشن سنٹر میں جمع کروائیں تاکہ انہیں مناسب طریقہ سے ری سائیکل کیا جاسکے اور ماحول کو آلودگی سے محفوظ رکھا جاسکے۔اس تقریب میں رکن پارلیمان انیل کمار یادو، رکن قانون ساز کونسل بالموری وینکٹ، جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن، ضلع کلکٹر ہری چندنا کے علاوہ خواتین سیلف ہیلپ گروپس کے ارکان اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

13 سال سے کم عمر بچوں کیلئے سوشل میڈیا پر پابندی۔چیف منسٹر بابو کا اعلان



امراتی حیدرآباد۔6/ مارچ (سفیر نیوز/صدائے حسینی) آندھرا پردیش اسمبلی کے اجلاس جاری ہیں۔جمعہ کے دن اسمبلی میں پیش کئے گئے بجٹ پر بحث کے دوران چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس بات کے لئے پرعزم ہے کہ سوشل میڈیا کے منفی اثرات سے بچوں کو محفوظ رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر ٹیکنالوجی کو ذاتی فائدے اور مثبت مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے تو اس سے حیرت انگیز نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں، لیکن اگر اسی ٹیکنالوجی کا غلط استعمال کیا جائے تو یہ تباہی کا سبب بھی بن سکتی ہے۔چیف منسٹر نے بتایا کہ یہ تجویز سامنے آئی ہے کہ 13 سال سے کم عمر بچوں کے لئے سوشل میڈیا پر پابندی عائد کی جائے۔اس سلسلے میں حکومت آئندہ 90 دنوں کے اندر ایک پروگرام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ کم عمر بچوں کو سوشل میڈیا کی رسائی سے دور رکھا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ 13 سے 16 سال کے درمیان عمر رکھنے والے بچوں کے معاملے میں کیا اقدامات کئے جائیں، اس پر ماہرین اور متعلقہ طبقات سے مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

رتناگیری میں کیمیکل فیکٹری میں دھماکہ، دس مزدور زخمی

رتناگیری، 06 مارچ (ہ س)۔ضلع رتناگیری میں ایک کیمیکل کمپنی کے ری ایکٹر میں جمعہ کی دوپہر اچانک دھماکہ ہونے سے دس مزدور جھلس گئے جن میں سے تین مزدوروں کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔